ادارہ

مسافرانِ آخرت

حضرت مولانا محمد حسین للٰہی رحمہ اللہ:

حضرت شاہ عبدالقادر رائے پوری قدس سرہٗ کے خلیفۂ مجاز، ممتاز محقق، عالم اور سلسلہ چشتیہ نظامیہ کی عظیم روحانی شخصیت حضرت مولانا ڈاکٹر محمد حسین للٰہی ۱۰ر جولائی ۲۰۰۷ء کو گوجر خان میں انتقال فرما گئے۔ حضرت رائے پوری رحمتہ اللہ علیہ کے سلسلہ کے جو چند چراغ باقی ہیں۔ حضرت ڈاکٹر صاحب رحمہ اللہ انھی میں سے ایک تھے۔ شہرت و نام وری سے کوسوں دور اور گوشۂ گمنامی میں حیاتِ مستعار گزارنے والی شخصیت تھے۔ ایک شفیق ہستی جس کے علم و فضل اور اخلاق و عمل سے سینکڑوں لوگوں نے فیض اٹھایا۔ طویل عرصہ سے علیل تھے مگر اللہ کے شاکر اور ذاکر بندے کی حیثیت سے اپنا وقت پورا کیا۔ اللہ تعالیٰ نے انھیں علم اور عمل دونوں نصیحتوں سے نوازا تھا۔ انتقال سے چند روز قبل ابن امیر شریعت حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ اُن کی خدمت میں تشریف لے گئے۔ مولانا محمد مغیرہ بھی آپ کے ہمراہ تھے۔ حضرت نے بہت شفقت فرمائی اور دعائیں دیں۔ ۱۱ر جولائی کو حضرت مولانا عزیز الرحمٰن ہزاروی مدظلہ نے نمازِ جنازہ پڑھائی اور گوجر خان میں ہیں آسودۂ خاک ہوئے۔ اللہ تعالیٰ اُن کی مغفرت فرمائے اور اپنے جوارِ رحمت میں جگہ عطاء فرمائے۔ (آمین)

حضرت مفتی غلام قادر رحمہ اللہ:

مدرسہ خیر العلوم خیر پور ٹامے والی کے بانی و مہتمم حضرت مفتی غلام قادر رحمتہ اللہ علیہ ۵ر جولائی ۲۰۰۷ء کو طویل علالت کے بعد رحلت فرما گئے۔ حضرت مفتی صاحب مرحوم بقیۃ السلف میں سے تھے۔ دینی تعلیم موقوف علیہ تک مدرسہ خیر المدارس جالندھر میں حاصل کی۔ حضرت مولانا خیر محمد جالندھری نور اللہ مرقدہٗ کے چہیتے شاگرد تھے۔ دورۂ حدیث دارالعلوم دیو بند سے کیا۔ شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی قدس سرہٗ، حضرت مفتی محمد شفیع رحمہ اللہ اور حضرت مولانا محمد ابراہیم بلیاوی رحمہ اللہ جیسی ہستیوں سے حدیث شریف پڑھی۔ تقریباً نوے برس عمر پائی۔ انتہائی ذہین، بیدار مغز اور متحرک شخصیت تھے۔ تمام عمر علم دین کی تدریس میں گزاری۔ جامعہ خیر العلوم آپ کی دینی و علمی یادگار بھی ہے اور صدقۂ جاریہ بھی۔ آپ کے جانشین مولانا محمد عبداللہ خیر العلوم کے مہتمم ہیں اور حضرت مفتی صاحب مرحوم کے فیض کو جاری رکھے ہوئے ہیں۔ حضرت مفتی صاحب کی نمازِ جنازہ مولانا عبدالمجید (کہروڑ پکا) نے پڑھائی۔

☆ حضرت مولانا محمد عبداللہ درخواستی کی صاحبزادی اور مولانا سیف الرحمٰن ملی کی خوش دامن مرحومہ

☆ محمد ایوب مرحوم (ملتان) مدرسہ معمورہ کے طلباء محمد سلیمان اور محمد عثمان کے والد

☆ ہمارے کرم فرما ڈاکٹر رشید احمد یزدانی (جلال پور) کی ہمشیر مرحومہ، ۱۸ر جولائی ۲۰۰۷ء

قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے ایصالِ ثواب اور دعاء مغفرت کا اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔ (آمین)